برج سنبلہ: یہ دائرۃ البروج کا چھٹا برج ہے جو خاکی جنوبی اور مادہ ہے ستارہ عطارد سے متعلق ہے جو حاکم یوم چہارشنبہ یعنی روز بدھ کا ہے۔ لہذا ایسی مستورات و دختران کے لیئے کافی ہو گا لہذا چاہیئے کہ عروج ماہ میں بروز چہارشنبہ اول ساعت ستارہ عطارد میں اس تعویذ تحفظ کو تمامی اصول اور قواعد کار تعویذات کی مرتبی کو ملحوظ رکھتے ہوئے خالص مشک اور زعفران کے محلول سے

www.fibw.net

www.fibw.net

بخورات متعلقہ کو روشن کر کے تحریر کرے پھر خوشبو سے معطر کر کے موم جامہ کرے اور سرخ کپڑے میں سی کر تیار کرے پھر حضرات پنجتن پاک علیہم السلام کی نذر پاک شیرنی پر دلا کر اس تعویذ کو زیب گلو کرے جب تک تعویذ گلے میں رہے گا ہر بلا و آفات و جادو سحر سے محفوظ رہے نقش ملاحظہ ہو۔

یا غفور	یا نور	بسم اللہ الرحمن الرحیم	یا حق	یا ودود
یا حافظ	یا کفیل	یا مالک	یا بصیر یا نصیر	یا قدیر
یا رحیم	یا کریم	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں	یا رب	یا سمیع

برج میزان: یہ دائرۃ البروج کا ساتواں برج ہے جو بادی ہے اور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتا ہے اور یہ ستارہ عامل یوم جمعہ و حاکم فلک سوئم برج مذکور ہے چنانچہ بعد استخراج اگر کسی عورت یا لڑکی کا طالع میزان برآمد ہوتا ہے تو اس کی ساری زندگی کے لیئے مندرجہ ذیل تعویذ تحفظ نافع ہوگا چاہیئے کہ بروز جمعہ اول ساعت زہرہ میں تمام اصول و قواعد کا رکو ملحوظ رکھتے ہوئے بادی اصول کے تحت اس تعویذ کو مشک و زعفران خالص کے محلول سے بخورات کی روشنی میں لکھے اور بعد دلانے نذر پاک شیرنی بر حضرت پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و حضرت فاطمۃ زہرا سلام اللہ علیہا و شیر خدا حضرت علی المرتضی علیہ السلام و حضرات امام حسنین علیہم السلام تعویذ کو بعد کرنے موم جامہ سیاہ کپڑے میں سی کر سیاہ ڈور سے وابستہ کر کے اپنے گلے کی زینت بنائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام زندگی جادو ٹونا ٹوٹکا سحر سفلی کے و عا تعویذ و عملیات سے محفوظ رہے گی۔

www.fibw.net

www.fibw.net

یا محمد یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم		یا غوث یا غیاث
یا رب یا غفار	یا ودود		یا نور یا خالق النور
یا رزاق	یا قادر	یا حفیظ	یا کفیل یا قریب
یا باسط یا قاہر	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں		یا اول یا حی یا آخر

برج عقرب ۸ ، یہ آٹھواں برج ہے شکل بچھو کی سی رکھتا ہے ۔ مزاج آتشی رکھتا ہے ۔ ستارہ مریخ کو نواں فلک ہے جو حاکم یوم منگل ہے متعلق ہے چنانچہ ایسی تمام عورتوں اور لڑکیوں کے حق میں مندرجہ تعویذ تحفظ بہتر کارآمد ہوگا ۔ جن کا طالع بعد استخراج برج عقرب برآمد ہوگا لہذا ایسی عورتوں و لڑکیوں کے لئے عروج ماہ میں بروز سہ شنبہ اوّل ساعت مریخ میں تمامی اصول اور قواعد کار بابت مرتبی نقوش کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس تعویذ تحفظ کو آتشی لحاظ سے بخورات روشن کرکے بخلوص نیت خالص مشک و زعفران کے محلول سے لکھے اور نذر حضرات پنجتن پاک علیہم السلام کی کسی پاک میٹھی چیز پر دلا کر اس تعویذ کو زیب گلو کرے اور ہر پنجشنبہ کو اس تعویذ کو خوشبو سے معطر کیا کرے بافضال خداوندی دشمنوں کے مکروفریب اور ہر بلا سے محفوظ رہے گی ۔

یا غفور	بسم اللہ الرحمن الرحیم		یا شافی
یا نور	یا حق	یا قاہر	یا کریم
یا کافی			
یا صبور	یا ودود	یا ظاہر	یا قدیم
یا دافع			
یا شکور	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں		یا رافع

برج قوس ۹ ، یہ نواں برج دائرۃ البروج کا ہے جو ستارہ مشتری حاکم یوم

www.fibw.net

www.fibw.net

پنجشنبہ سے متعلق ہے۔ برج مذکور آتشی اور نر ہے چنانچہ عورتوں اور لڑکیوں کا طالع استخراج کرنے پر برج قوس برآمد ہو تو ایسے لوگوں (عورتوں لڑکیوں) کے لئے تعویذ تحفظ مندرجہ ذیل تمامی اصول اور ضابطہ بابت لکھنے تعویذات ملحوظ رکھتے آتشی طریقہ پر عروج ماہ میں بروز جمعرات بساعت ستارہ مشتری اس تعویذ تحفظ کو پاک کورے کاغذ پر بخورات روشن کر کے بخلوص نیت لکھے اور پاک شرینی پر نذر حضرت پنجتن پاک علیہم السلام کی دلا کر تعویذ کو زیب گلو کرے اور نذر کو معصوم لیکن پاک و صاف طاہر بچوں کو کھلا دے۔ تعویذ تحفظ خالص مشک اور زعفران کے محلول سے لکھا جائے گا اور ہر پنجشنبہ کو خوشبو سے معطر کیا کرے۔ بحکم حق سبحانہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت اور ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

	بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم	
یا غفور	یا نور	یا حی	یا قائم	یا رب
یا اھیا	یا شراھیا	یا حق	یا ودود	یا سمیع
	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں			

برج جدی: یہ برج دائرۃ البروج کا دسواں برج ہے جو ستارہ زحل سے متعلق ہے یہ ستارہ حاکم یوم ہفتہ ہے لہذا معلوم ہونا چاہیئے کہ ایسی عورتوں اور لڑکیوں کے لیئے تعویذ تحفظ کی جب ضرورت ہو جن کا طالع برج جدی برآمد ہو تو تمامی اصول مرتبی منقوش و قواعد کار پر عمل کرتے ہوئے عروج ماہ میں بروز ہفتہ بساعت ستارہ زحل خاکی اصول کو

www.fibw.net

www.fibw.net

کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ یہ برج خاکی ہے تعویذ تحفظ ذیل مرتب کرئے اور خوشبویات کی روشنی میں نذر سرکار دو عالم نور مجسم جناب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی پاک شرینی پہ دلاکر معصوم بچوں کو جو پاک صاف ہوں کھلاوے۔ یہ تعویذ تحفظ دائمی خالص مشک اور زعفران کے محلول سے لکھا جائے گا۔

یا قریب	بسم اللہ الرحمن الرحیم		یا حفیظ
یا کفیل	یا حمید	یا وکیل	یا حافظ
یا قادر	یا قدیر	یا رحیم	یا کریم
یا ودود	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں		یا غفور

برج دلو۔ یہ گیارہواں برج دائرہ مذکور کا ہے۔ یہ برج بادی ہے اور ستارہ اس برج کا زحل ہے جو حاکم یوم ہفتہ ہے لہذا ایسی تمام عورتوں اور لڑکیوں کے لیئے برائے حفاظت یہ تعویذ تحفظ تمام عمر کے لیئے کافی ہوگا جن کا طالع برج دلو برآمد ہو۔ چنانچہ جب تعویذ مذکور کے لکھنے کی ضرورت پیش آئے تو تمام اصول وقواعد کار بابت مرتبی نقوش کو مدنظر رکھتے ہوتے بادی اصول کے تحت اس تعویذ کی خانہ پری خالص مشک اور زعفران کے محلول سے کرے اور بعد دلانے نذر حضرات جناب پنجتن پاک علیہم السلام کسی پاک و طاہر شرینی پر دلا کر معصوم بچوں کو جو پاک و طاہر ہوں کھلادے اور بخورات کی روشنی میں موم جامہ کرکے خوشبو سے معطر کرے اور پھر سیاہ کپڑے میں سی

www.fibw.net

www.fibw.net

کرسیاہ ڈورے سے وابستہ کرکے گلے میں ڈالے اور پھر ہر شب پنجشنبہ میں تعویذات کو بخورات کی دھونی دیا کرے اور ہر نوچندی جمعرات کو دھونی کے ساتھ حسب سابق نذر دلایا کرے ۔ رحمت خداوندی سے ہم کنار رہے گی اور ہر بلا اور آفت سے بحکم رب العزت محفوظ رہے گی تعویذ تحفظ یہ ہے ۔

یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم			یا محمد
یا غوث	یا غیاث	یا اغنی	یا غفور	یا رب
یا قدیر	یا قادر	یا رؤف	یا ودود	یا حافظ
یا حق	اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں			یا ناصر

برج حوت ۱۲ : یہ دائرہ البروج کا بارہواں اور آخری برج ہے جو آبی ہے اور ستارہ مشتری سے جو حاکم یوم جمعرات ہے تعلق رکھتا ہے ۔ چنانچہ ایسی عورتوں کے لیئے جن میں لڑکیاں بھی شامل ہیں ۔ جن کا طالع استخراج سے برج حوت برآمد ہوتا ہے ۔ حسب ذیل تعویذ تحفظ تمام زندگی کے لیئے بحکم رب العزت کافی ہے چنانچہ عند الضرورت یا خواہشیں تمام قواعد کار و اصول و بہ بارہ مرتبی نقوش کا لحاظ رکھتے ہوئے آبی کے لحاظ سے خالص مشک و زعفران کے محلول سے یہ تعویذ لکھے ۔

بخورات کی خوشبو دے کر موم جامہ کرنے کے بعد کالے کپڑے میں سی کر کالی ڈور سے وابستہ کرے اور نذر حضرات پنجتن پاک علیہم السلام

www.fibw.net

www.fibw.net

کی دلا کر زیب گلو کرے تعویذ عروج ماہ میں بروز جمعرات ساعت مشتری میں لکھا جائے گا تعویذ یہ ہے

یاعفور	بسم اللہ الرحمن الرحیم	یا بصیر
یا صبور	یادب	یا ودود	یا قدیر
یا شکور	یا دافع	یا رافع	یاعزیز
یا عفو غفور	السلم حفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں	یا قوی

لولا پن دور ہونے کیلئے: علماء اپنے تجربات کی بناء پر تحریر کرتے ہیں کہ یہ نقش لولے پن کی خاص روحانی دوا ہے۔ جو طفل لولا ہو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ قوت رفتار حاصل ہوگی۔


م	ت	ی	ن
۴۰	۴۰۰	۱۰	۵۰
۴۰۰	۱۰	۵	۴۰
۱۰	۵	۴۰	۴۰۰
۵۰	۴۰	۴۰۰	۱۰

در بارہ شناخت حمل: اگر تجسس اس بابت میں ہو کر فلاں عورت حاملہ ہے یا نہیں تو نقوش مندرجہ ذیل کو لکھ کر ایسی عورت کے

www.fibw.net

www.fibw.net

گلے میں یا بازو پر باندھیں اگر وہ عورت حاملہ ہوگی تو اس کو اسی وقت پیشاب کی حاجت ہوگی اور وہ نقوش یہ ہیں۔



دافع سنگ مثانہ: اگر کسی کو سنگ مثانہ کی شکایت کسی وجہ سے پیدا ہو گئی ہے چاہے تکلیف معمولی ہو یا شدید اس تعویذ کو لکھ کر مریض کو کھلا دے انشاء اللہ شکایت دور ہو جائے گی اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

	١	
٦	١٠	۴
	٩	

برائے درد ناف: جس کو درد ناف کی شکایت ہو تعویذ مندرجہ ہذا کو لکھے اور بصدق خلوص ناف پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہو جائے گا تعویذ اگلے صفحہ پر موجود ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

ط	ددع	۲دع	ا
ردع	ردع	۹ع	دع
۳	ر۵ع	۷۷ع	ددع
۷۹ع	۵	۴	طده

برائے دردِ شکم: اگر کسی کے شکم میں درد ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو تعویذ لکھ کر پلا دے شفا ہوگی ۔

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

زوجہ مثل باندی اور شوہر مثل غلام: عاملانِ تجربہ کار تعویذ مندرجہ ذیل کے بابت ارشاد فرماتے ہیں کہ زن و شوہر کے تعلقات باہمی کو استوار کرنے میں یہ تعویذ جب کبھی بھی استعمال میں لایا گیا بہتر نتیجہ برآمد ہوا ۔ نیز یہ بات بھی تجربے میں آ چکی ہے کہ اگر زوجہ نے شوہر کے رویئے سے تنگ آ کر اس تعویذ کو لکھا کر اپنے پاس رکھے تو شوہر مثل غلام کے اس کا فرمانبردار بنا اور اگر شوہر بیوی کی بدزبانی سے تنگ آکر اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو بیوی مثل باندی کے اس کی خدمت میں حاضر رہا کرے گی ۔ نقش مندرجہ ہے ۔

www.fibw.net

www.fibw.net

ادود دمی	۳ دیمو	لولو وصلے
واو	منع	مو

برائے خواب بندی: نقش مندرجہ ہذا برائے خواب بندی اکسیر ہے زوال ماہ میں بر ساعت زحل لکھے اور جہاں شخص مطلوب سوتا ہو اس کے سرہانے دفن کر دے۔

۷۸۴	۷۹۲	۷۸۶
۷۹۰	۷۸۷	۷۸۵
۷۸۸	۷۸۳	۷۹۱

تحفظ از آفات و بلیات: اگر کوئی شخص ہمہ اقسام کی آفات و بلیات سے محفوظ رہنا چاہتا ہے تو اس کو چاہئیے چاندی کی تختی پر اس نقش کو کندہ کرا کر سیاہ ڈورے سے وابستہ کرنے کے بعد گلے میں ڈالے۔ بحکم پروردگار عالم ہر بلا اور ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۴۳	۵۶	۵۳	۵۰
۵۴	۴۹	۴۴	۵۵
۴۸	۵۱	۵۸	۴۵
۵۷	۴۶	۴۷	۵۲

www.fibw.net

www.fibw.net

ضعف چشم: اگر کسی کو ضعف چشم کی شکایت پیدا ہوگئی ہے تو اس کو چاہیے کہ بعد از طلوع آفتاب بعد وضو رو بقبلہ ہو کر افطاھر ہزار بار ورد کرے۔ انشاء اللہ روشنی زیادہ ہوگی۔

برائے جذام و داغ: اگر کوئی شخص مرض جذام و داغ سفید میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ وہ تین روزے ایام بیض یعنی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں تاریخ کے رکھے اور بر وقت افطار سو بار المجید کہے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

دیگر: چاہیے کہ اس دعا کو مریض برص و جذام پر پڑھے اور لکھ کر باندھے وہ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یمحو اللہ ما یشاء و یثبت و عندہ ام الکتاب الحمد للہ فاطر السموات والارض جاعل الملائکۃ رسلا اولی اجنحۃ مثنی و ثلاث و رباع باسم

دیگر:

جو شخص کسی آزار میں اپنے کو مبتلا دیکھے تو یہ دعا پڑھے

بسم اللہ و باللہ و صلی اللہ علی رسول اللہ و اھل بیتہ واعوذ بعزتہ علی ما یشاء من شر ما اجد

برائے رفع آزار چشم و ضعف بصر: اگر کوئی کسی قسم کے آزار چشم یا ضعف بصر میں مبتلا ہے تو اس کو چاہیے کہ یہ دعا پڑھا کرے اعیذ نور بصیری بنور اللہ الذی لا یطفا۔ اور پھر ہاتھوں پر ملے

دیگر برائے آشوب چشم: ہر گاہ کسی کی آنکھ آشوب کر آئی ہو یا اکثر و بیشتر یہ شکایت پیدا ہو جایا کرتی ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

تو اس کو چاہئے کہ وہ پانچ پانچ بار اوّل وآخر درود شریف اور درمیان میں تین بار آیتہ الکرسی پڑھ کر آنکھوں پر پھیرے انشاءاللہ شکایت جاتی رہے گی۔

دوسرا نسخہ روحانی: یہ نسخہ روحانی انتہائی مجرب ہے اگر آنکھیں کسی کی آشوب کر آئی ہیں تو تین مرتبہ اوّل وآخر درود شریف پڑھ کر انیس بار پڑھے اور پانی پر دم کرکے اس سے آنکھیں دھوڈالے انشاء اللہ شکایت آشوب چشم کی جاتی رہے گی، لیکن اس پانی کے بابت احتیاط اس امر کی رکھے کہ جس جگہ آنکھوں کو دھوئے وہاں کی زمین طاہر ہو وہاں نجاست نہ ہو نہ کسی کا پیر پڑنے پائے اس لئے کہ پانی اسم پاک پروردگار عالم کا ہے۔ جو پانی پر دم کرکے کام میں لایا گیا ہے۔

سرمہ نایاب: اگر کوئی شخص آشوب یا دیگر کسی قسم کے آزار چشم میں مبتلا ہے تو اس کو طیب وطاہر ہو کر باوضو ذریعہ آب یا تیمم پانچ بار درود اوّل اور پانچ بار درود آخر درمیان میں پانچ بار سورہ فصلت پڑھے اور ایک کورے کاغذ پر لکھ کر آب باران سے اس کاغذ کو دھوئے معلوم ہو کہ وہ آب پاک صاف برتن میں رکھا گیا ہو نجس نہ ہو اور پھر اسی پانی سے سرمہ پیسے اور وہ سرمہ آنکھوں میں لگائے سرخی، سفیدی، ناخونہ، درد ہا غرض کہ جو بیماری آنکھوں میں ہو گی انشاء اللہ وہ جاتی رہے گی۔

حفاظت وصحت چشم: اگر منظور ہو کہ آنکھوں کی صحت برقرار رہے اور اس کی حفاظت ہوتی رہے تو اس کو

www.fibw.net

www.fibw.net

چاہیئے کہ وہ ہر روز بعد ادائے نماز فجر بلاناغہ پانچ بار اوّل اور پانچ بار آخر اور درمیان میں پانچ بار فجعلناہ سمیعا بصیرا پڑھے اور ہاتھ کو اپنی آنکھوں پر پھیرے انشاء اللہ اس کی آنکھیں ہمہ اقسام کے آزار سے محفوظ رہیں گی۔

بینائی واپس آگئی: اس باب میں راوی بیان کرتا ہے کہ میں آنکھوں کی بصارت سے محروم ہوگیا تھا کہ میری یہ محرومیت پیدائشی نہ تھی اب مجھے آنکھوں سے کچھ بھی دکھائی نہ دیتا تھا کہ ایک شب میں نے مولا مشکل کشا حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھا آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ عناب کو باریک پیس کر آنکھوں میں لگا چنانچہ میں نے بموجب ارشاد حضرت امیر علیہ السلام عمل کیا اور پروردگار نے بطفیل حضرت مولائے مشکل علیہ السلام مجھے بینا کردیے۔

کلونجی ہر درد کی دوا ہے: آپ کو چاہیئے علم نہ ہو لیکن وارد ہے کہ کلونجی ہر مرض کی دوا ہے سوائے موت کے لہذا بہتر ہے کہ کوئی گھر کلونجی سے خالی نہ رہے اور حسب موقع بمشورہ طبیب عمل کرے

دیگر: اس باب میں وارد ہے کہ اسپند میں شفا بہتر وارد ہونے والے مرض کی ہے۔ پس عادت کرو اسپند کی۔ فرمایا جس گھر میں اسپند ہوگا اس سے شیطان ستر گھر تک دوری کرے گا۔

برائے بواسیر: جس کسی شخص کو بواسیر (خونی یا بادی) کی شکایت ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ سورہ یٰسین کو شہد خالص سے لکھ کر پیئے۔ چند دن پینے کے بعد مرض جاتا رہے گا۔

برائے کنٹھ مالا: یہ دعا برائے رفع ہونے کنٹھ مالا مفید ہے جو کوئی اس مرض میں مبتلا ہو اس کے لیئے چاہیئے کہ مقام کنٹھ مالا پہ ہاتھ

www.fibw.net

www.fibw.net

رکھ کر پڑھا کرے۔

یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ یَا رَبُّ یَا سَیِّدِیْ

برائے بندش پیشاب: جو لڑکا سوتے میں پیشاب کرتا ہو اس کے لیئے چاہیئے کہ دعائے مندرجہ ذیل پوست آہو پر لکھ کر باندھے پیشاب بحالت خواب کرنے کی عادت جاتی رہیگی۔

ھف ھف ھدھد ھف ھف ھات ھات انا لہ کف کف کف ھف ھفت ھفف مھم سمر لم قل ھو اللہ احد الغالب من حیث یستحسر العدو ابلیس شیخ للنبی ادم کما الذی سجد لادم الملآئکۃ باذن اللہ انہ کریمۃ بنت کریمۃ ولد

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ شددت بسورہ بسورہ صفہ صفہ ختمت بخاتم سلیمان بن داؤد رب العالمین۔

برائے حبس بول: قرآن میں وارد ہے کہ جس کسی کو حبس بول کی شکایت ہے اس پر قرآن بہت پڑھے کہ اسکی برکت سے اسے شفا ہوگی دیگر۔ درود شریف اس قدر پڑھے کہ یاد نہ رہے روزانہ کا وظیفہ کرنے سے بھی حبس بول کی شکایت جاتی رہتی ہے۔

علاج استفراغ: بچہ بوڑھا۔ جوان۔ عورت یا مرد جس کسی کو کسی وجہ سے بھی قے بہت آتی ہو تو چاہیئے کہ اس کو سورۃ الطارق مع درود شریف کے تین تین بار پڑھ کر آب طاہر تازہ پردم کر کے پلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شکایت جاتی رہے گی۔

دافع ہچکی: ہچکی کے مریض کو چاہیئے کہ وہ سورہ والشمس کو لکھے اور

www.fibw.net

www.fibw.net

اور دھوکر پیئے بجیش جلد ہی جاتی رہے گی۔

برائے دفع ہونے صرع! مرگی والا مریض جب اس دورے میں بے ہوش ہو جائے اور کسی طرح ہوش نہ آتا ہو تو اس کے کان میں سورہ واللیل پڑھ کر پھونکے انشاء اللہ جلد ہوش میں آجائے گا۔

دافعِ درد! درد کیسا ہی اور کہیں پر کیوں نہ ہو اس سے شفا حاصل کرنے کے لیئے مقام درد کو ہاتھ سے پکڑے اور مع درود شریف کے سات بار کہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ باللہ الذی سکن لہ ما فی البر والبحر وما فی السموات وما فی الارض وھو السمیع العلیم۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

دیگر! وارد ہے کہ سورہ عنکبوت لکھے اور آب تازہ وطاہر سے دھوکر پیئے تپ ربع اور درد کے شفا کے لیئے نافع ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

عالم غیب سے روزی حاصل کرنیکا بینظیر عمل

نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک سو ایک مرتبہ آیت ذیل پڑھیں اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالٰی سے عجز و انکساری سے امداد طلب کریں انشاء اللہ غیب سے آپ کی مدد کی جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰہُ سَکِیْنَتَہٗ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْھَا۔

رزق میں غیبی برکت

نصف رات کے وقت اکیس روز تک باوضو ایک سو اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھیں دوران عمل خوشبو ملائیں اوّل و آخر اکیس مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں بفضل خدا رزق میں غیبی ترقی ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا بَاسِطُ یَا بَاسِطُ یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ط

برائے ترقی رزق

نماز جمعہ کے بعد ستر بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ط۔ المعطی ہو اللہ ط اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف۔ شرط یہ ہے کہ سلام کے بعد اسی طریقہ سے بیٹھا رہے کوئی پہلو نہ بدلے نہ کسی طرف دیکھے ورنہ اس عمل کی تاثیر ضائع ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے

کشائش رزق

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

www.fibw.net

www.fibw.net

الْعَظِیْمِ ط. یہ آیت ایک ایسی نعمت ہے جس کا کوئی حساب نہیں توجہ یا غیر توجہ کے ساتھ جس طرح بھی چاہے پڑھے ساتویں دن سے اس کا اثر ہونا ظاہر ہو جائے گا. ہمیشہ پڑھتے رہو پھر قدر خدا کا تماشہ دیکھو درمیان میں کسی وقت درود شریف بھی پڑھو عمل مجرب ہے۔

حصول روزگار

، قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِط اس آیت کو لکھ کر بازو پر باندھیں۔ نجاست کی حالت میں تعویذ کو علیحدہ کر دیں بعد ازاں پھر پہن لے، علاوہ ازیں وقتاً فوقتاً اس آیت کی تلاوت بھی کرتا رہے مجرب ہے۔

ادائیگی قرض

عشاء کی نماز پڑھ کر اسی جگہ پر سورۃ نصر کو اکتالیس بار اکتالیس روز تک پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف مجرب و اکسیر ہے۔

برائے حب

مطلوب کے داہنے پاؤں اور اپنے بائیں پاؤں کی خاک لے کر سات مرتبہ سورہ اخلاص یعنی قل ہو اللہ شریف پڑھ کر خاک پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔ محبت پیدا ہو گی اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں مجرب ہے۔

حب کا مجرب نقش

یا ودود طالب و مطلوب تینوں کے اعداد نکالے جس قدر اعداد آئیں اتنی ہی مرتبہ پڑھا جائے یا ودود کے اعداد طالب اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد مطلوب

www.fibw.net

www.fibw.net

اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ایک ہفتہ دو ہفتہ تین ہفتہ پڑھتا رہے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حب کا آزمودہ عمل

اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں ہزار بار وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ہ یَا رَفِیْقُ یَا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ ہ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور پھول محبوب کو تحفتاً بھیج دے جوں ہی محبوب ان پھولوں کو سونگھے گا عاشق ہو جائے گا۔ آزمائش کریں۔

حب کا مجرب نقش

جائز محبت کے لیے اس نقش کو اتار کے درخت پر لٹکا دیں یا صحرا میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ محبت پیدا ہوتی ہے۔ آزمودہ نقش ہے۔

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ
اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْ	لَدْ	وَلَمْ
يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

برائے دشمنی

دشمنوں سے نجات: رات کو سوتے وقت جب تک بیدار رہوں لیٹے لیٹے اسی حال میں اس آیت کو ایک سو بار پڑھیں وضو کی شرط نہیں۔ غرض یہ کہ آنکھ کھلتے ہی پڑھنا شروع کر دے۔ چند دن نہ گزریں گے کہ دشمن ذلیل و خوار ہو کر دور ہو جائے گا۔ پڑھتے وقت دل میں تصور دشمن کی ذلت و خواری کا رکھیں اس کی برکت سے دشمن کو دور کر دے آزمودہ عمل ہے۔ آیت یہ ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ایک ہفتہ دو ہفتہ تین ہفتہ پڑھتا رہے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حب کا آزمودہ عمل

اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں ہزار بار واللہ المستعان علی ماتصفون ہ یا رفیق یا شفیق نجنی من کل ضیق ہ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور پھول محبوب کو تحفتاً بھیج دے جوں ہی محبوب ان پھولوں کو سونگھے گا عاشق ہو جائے گا۔ آزمائش کریں۔

حب کا مجرب نقش

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ
اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْ	لَدْ	وَلَمْ
يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

جائز محبت کے لیے اس نقش کو انار کے درخت پر لٹکا دیں یا صحرا میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ محبت پیدا ہوتی ہے۔ آزمودہ نقش ہے۔

برائے دشمنی

دشمنوں سے نجات: رات کو سوتے وقت جس وقت بیدار ہوں لیٹے لیٹے اسی حال میں اس آیت کو ایک سو بار پڑھیں وضو کی شرط نہیں۔ غرض یہ کہ آنکھ کھلتے ہی پڑھنا شروع کر دے۔ چند دن نہ گزریں گے کہ دشمن ذلیل و خوار ہو کر دور ہو جائے گا۔ پڑھتے وقت دل میں تصور دشمن کی ذلت و خواری کا رکھیں اس کی برکت سے دشمن کو دور کر دے آزمودہ عمل ہے۔ آیت یہ ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ط

دشمن کو عاجز و محتاج کرنیکے لیے

اوّل اس تعویز کو گیارہ بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں پھر کسی حلال جانور کی ہڈی پر اس تعویذ کو لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دے اور وہیں بیٹھ کر دشمن کی محتاجی کا تصوّر کر کے بغیر بسم اللہ سورۃ توبہ پڑھے اور واپس چلا آئے

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

تعویذ لکھتے وقت پہلے گیارہ دفعہ بسم اللہ پڑھ لینا چاہیئے یہ عمل نہایت مجرب اور اکسیر ہے۔

جدائی کا مجرّب عمل

سورۃ تبت یدا ابی لہب ط بغیر بسم اللہ کے نمک، سرسوں اور بال تینوں چیزوں کو لے کر اکیس مرتبہ پڑھے ہر چیز پر علیحدہ علیحدہ پڑھے واضح ہو کہ نمک سرسوں اور بال جن دو میں جدائی مقصود ہے انہیں کے ہوں اور ہر بار دونوں کا نام لے جن میں جدائی کروانی ہو۔ شرعی لحاظ سے جائز ہو تو کرے ورنہ نقصان اٹھانا پڑے گا۔

جدائی کا آزمودہ عمل

سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ط

یہ آیت دو علیحدہ علیحدہ کاغذوں پر لکھ کر جن میں جدائی مقصود ہو ان کے ناموں بمعہ ان کی ماؤں کے نام لکھ کر پاک پانی میں دھو کر ان دونوں کو پلا دو بے

www.fibw.net

www.fibw.net

شک دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔

برائے جدائی

جن دو شخصوں کے درمیان جدائی کروانا مقصود ہو یا عداوت کروانا مقصود ہو ان دونوں کے ناموں کے اعداد نکال کر اسی تعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے دونوں میں سے جسے آسان ہو کھلا دے اگر کھلا نہ سکے تو ان کے ناموں کے عدد کے مطابق ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر آیت ذیل کو پڑھے۔ انشاء اللہ اسی دن جدائی ہوگی وقت نصف رات یا با مجبوری بعد نماز عشاء پڑھے

وَ اَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۔

برائے مُقدّمہ

یَاحَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ۔ یہ اسماء ایک لاکھ اکیاون ہزار مرتبہ بطور ختم پڑھے۔ مکان اور کپڑے پاک ہونا چاہیئے۔ خوشبو بھی لگائے۔ سنگین مقدمات کے لیے مجرب ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

سات روز تک گیارہ ہزار مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن روزانہ پڑھتا رہے آزمودہ ہے۔

مظلوم کی فتح اور کامیابی مقدمہ

حکام کے سامنے یہ نقش عمامہ یا ٹوپی میں رکھ کر جانا بفضلہ تعالیٰ مجرب

www.fibw.net

www.fibw.net

ہے نقش یہ ہے ۔


۳۷۵	۳۷۴	۳۷۹		
	۳۸۰	۳۷۶	۳۷۲	
		۳۷۳	۳۷۸	۳۷۷

مقدمہ کے لیے اس نقش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ پچاس روپے لیے جائیں تب فائدہ ہوگا ورنہ فائدہ نہیں ہوگا۔

برائے گمشدہ و مفرور

واپسی مفرور: اگر کوئی گھر سے مفرور ہوا در واپسی کی کوئی سبیل نہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائیں۔ مجرب اور کامیاب ترین نقش ہے۔ مفرور کتنی ہی پابندی میں کیوں نہ ہو انشاءاللہ بے قرار ہوکر واپس آجائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



واپسی مفرور: اس نقش کو لکھ کر کسی وزن کے نیچے دبادیں مجرب المجرب ہے۔ واپسی پر ان بزرگوں کی نیاز دلوائیں۔

www.fibw.net

www.fibw.net

حضرت ابراہیم ادہم	حضرت ابوبکر صدیق رضہ	حضرت ابراہیم ادہم
حضرت عمر فاروق رضہ	فلاں بن فلاں زود بیاید	حضرت عثمان غنی رضہ
حضرت ابراہیم ادہم	حضرت علی رضہ	حضرت ابراہیم ادہم

واپسی گم شدہ: اس نقش کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں انشاء اللہ مفرور فوراً واپس آجائے۔ مجرب ہے بھاگے ہوئے کا نام عدد پانچ کے پیچھے لکھیے۔

بستم راہ شمال یا عبدالکریم

بستم راہ مشرق یا عبدالغفور

٢ ب	٩ ط	٤ د
٧ ز	٥ ہ	٣ ج
٦ و	١ ا	٨ ح

بستم راہ مغرب یا عبدالرحیم

بستم راہ جنوب یا عبدالرشید

گم شدہ کے لیے: جس وقت گم ہونے کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط۔ گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ گم شدہ چیز بہت جلد ہی مل جائے گی مجرب ہے۔

مفرور کی واپسی: سورۃ والضحیٰ اس طریقے سے لکھے کہ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى کے بعد بھاگے ہوئے کا نام لکھے اس کے بعد بقیہ تمام سورۃ لکھے اور نوشتہ کو قرآن شریف میں رکھ دے مجرب ہے۔

گم شدہ کا مجرب نقش: خواہ کتنے ہی برس کسی آدمی کو گم ہوئے کیوں نہ گزر گئے ہوں وہ واپس آجائے گا یا اس گم شدہ آدمی کا پتہ چل جائے گا۔ اور اگر خدانخواستہ گم شدہ آدمی فوت ہوگیا ہے اس

www.fibw.net

www.fibw.net

کے فوت ہونے کی اطلاع موصول ہو جائے گی۔

اس تعویذ کو چرخہ سے باندھ دیا جائے اور اس کے سات پھیر الٹی طرف روزانہ دیا کریں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں پتہ چل جائے گا۔



برائے روحانی امراض!

دافع سحر: اس نقش کو لکھ کر سارے جسم پر ملیں پھر بارہ جوتے نقش پر ماریں اور جلا دیں تین دن برابر صبح و شام یہ کریں مجرب ہے۔

ابلیس	ابو جہل	فرعون	قارون
نمرود	ابولہب	ہامان	شداد
ہامان	شداد	ابوجہل	نمرود
قارون	ابولہب	فرعون	ابلیس

سحر و آسیب کے لیے: صبح کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد اور سوتے وقت الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ آیت الکرسی اور معوذتین سورۃ فلق اور سورۃ ناس اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف۔ مریض خود پڑھے تو بہتر ہے ورنہ کوئی دوسرا پڑھے اس طرح دم کرے کہ لعاب دہن کا کچھ حصہ مریض کے جسم پر

www.fibw.net

www.fibw.net

گرے۔ نیز ایک بوتل پر دم کر دیا کریں دم شدہ پانی نہار منہ ایک گھونٹ مریض کو پلائیں۔ جب بوتل آدھی رہ جائے تو نئے پانی سے بھر دیں۔ اگر مکان میں آسیب کا اثر ہو تو دم کیئے ہوئے پانی میں سے تھوڑا سا پانی لے کر مکان کے چاروں کونوں میں اس طرح چھڑکیں کہ پانی زمین پر نہ گرے۔

آسیب زدہ کے لیئے

یہ تعویذ کسی آسیب زدہ آدمی کے بازو یا گلے میں باندھیں انشاء اللہ آسیب کا دور ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۷	۳۱	۲۷	۲۴
۲۸	۲۳	۱۸	۳۰
۲۲	۲۵	۲۳	۱۹
۳۲	۲۰	۲۱	۲۶
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

آسیب کے لیئے

یہ آیت الکرسی کا مجرب نقش ہے گلے یا بازو میں باندھیں۔

بسم اللہ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِيمٍ

۳۵۰۹	۳۵۲۲	۳۵۱۹	۲۶۱۶
۳۵۲۰	۳۵۱۵	۳۵۱۰	۳۵۲۱
۳۵۱۴	۳۵۱۷	۳۵۲۴	۳۵۱۱
۳۵۲۳	۳۵۱۲	۳۵۱۳	۳۵۱۸

الٰہی بحرمت ہذا النقش فلاں بن فلاں فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ را از آسیب و بھوت محفوظ دار

www.fibw.net

www.fibw.net

گھر میں اینٹ اور پتھر برسنا

اس نقش کو لکھ کر پانی میں دھو ڈالے اس پانی کو تمام مکان پر چھڑک ڈالے انشاء اللہ اینٹوں کا برسنا بند ہوجائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

ف	الم اع	ع	ی
ف	ل	ک	سے
ک	د	م	ق
لاح ا	سبے	بدوح	بدوح

مکان کیلنا: جس مکان میں جن و آسیب وغیرہ کا اثر ہو اسے کیلنے کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ چار کیلیں لے کر ہر کیل پر آیت قطب سات سات بار پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں طرف یعنی چاروں گوشوں میں گاڑھ دیں۔

نوٹ: آیت قطب سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴ ہے جو کہ چوتھے پارہ میں ہے

نظر بد کا مجرب عمل: سورۂ قلم کی آخری دو آیتوں کو سات عدد سرخ مرچوں پر پڑھے اور دم کر کے بچے کے اوپر سے وار کر آگ میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ نظر بد کا اثر دور ہوجائے گا۔
سورۂ قلم ۲۹ پارہ

نظر بد کا مجرب نقش:

۷۸۶

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	ممالک	عالم
محی	ممیت	معبود	باقی

یہ نقش رباعی لکھ کر گلے میں پہنایا جائے ہر شخص کی نظر سے محفوظ رہے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

۷۸۶

لَا	حَوْلَ	وَلَا	قُوَّۃَ
حَوْلَ	وَلَا	قُوَّۃَ	اِلَّا بِاللہِ
وَلَا	قُوَّۃَ	اِلَّا بِاللہ	العلی
قوۃ	الا باللہ	العلی	العظیم

نظرِ بد کا مجرب تعویذ: اگر بچے کو نظر بد ہو اور وہ بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو تعویذ اس کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ بچہ صحیح ہو جائے گا۔

برائے جسمانی امراض

دل کی بیماریوں کا عمل

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ توجہ کے ساتھ یہ آیت پڑھیں اور خدا کی قدرت اور کلام اللہ کی برکت کا مشاہدہ کیجئے۔ مجرب ہے۔ آیت یہ ہے

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ

ضعفِ دماغ کے لیے

جس کا دماغ کمزور ہو وہ ہر نماز کے بعد یَا قَوِیُّ گیارہ مرتبہ سر پہ ہاتھ رکھ کر ترقی دماغ کی نیت کر کے پڑھے مجرب و آزمودہ ہے۔

گنڈا برائے بخار

سات تار کچے سوت کے لے کر اس پر چاروں قل پڑھ کر گرہ لگائے۔ اور گرہ لگاتے وقت یہ کہے بَسْتَمْ وَقُفْلْ کردم بنام فلاں بحق لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ط۔ اسی طرح چودہ بار چاروں قل پڑھے اور چودہ گرہ لگائے اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔

باری کے بخار کیلئے

پیپل کے تین پتوں کو لے کر ہر پتے پر قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰہُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ط مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ دیں۔ مریض وقت بخار سے تین گھنٹے پہلے ایک پتہ زبان سے ... چیر

www.fibw.net

www.fibw.net

ایک گھنٹہ بعد دوسرا پھر تیسرا وقت سے پہلے چاٹ لے انشاء اللہ بخار نہیں آئے گا۔ مجرب ہے۔

برائے چیچک: جیسے ہی بخار شروع ہو اور چیچک کا شبہ ہو یا نکلنا شروع ہو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ نقش بغیر نقطوں کے لکھیے۔

ملک یوم الدین	الرحمن الرحیم	رب العلمین	الحمد للہ
المستقیم	اھدنا الصراط	وایاک نستعین	ایاک نعبد
علیہم	غیر المغضوب	انعمت علیہم	صراط الذین
الرحمن الرحیم	بسم اللہ	امین	ولا الضالین

نوٹ: نقش بناتے وقت سب سے پہلے سولھواں خانہ پُر کریں پھر دسواں پانچواں تیسرا، دوسرا، آٹھواں، گیارھواں، تیرھواں ساتواں، پہلا، چودھواں، بارھواں نواں، پندرھواں، چوتھا۔ اور آخر میں چھٹا خانہ پُر کریں

مرض مرگی: مرگی والے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت سات مرتبہ کہنے سے بفضلہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا مجرب عمل ہے۔

الرجک ہونا: اگر کسی چیز سے الرجی ہو تو اس نقش کو لکھ کر بروز جمعہ دائیں بازو کے ساتھ باندھے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

م	ی	ح	ر
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ط			
م	ی	ح	ر

www.fibw.net

www.fibw.net

عورت کا جاری خون بند کرنا: اگر کسی عورت کا جاری خون بند نہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر عورت کو دیں اور کہیں کہ کمر سے باندھے۔ انشاءاللہ اسی وقت جاری خون بند ہو جائے گا۔ خواہ کسی نے جادو وغیرہ سے خون کیوں نہ جاری کیا ہو۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

ناف کا ٹلنا: اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس کو چت لٹا کر اس کی ناف کو دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں سے پکڑ کر گیارہ مرتبہ یا شافی یا کافی بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھ کر دم کرے تین مرتبہ اسی طرح عمل کرے خدا کے فضل سے ناف اپنے مقام پر واپس آجائے گی بے نظیر اور مجرب ہے۔

بچھو کا جھاڑ: ایک دائرہ بنا کر انیس کا ہندسہ اس دائرے میں یوں (۱۹) اور پوری بسم اللہ پڑھ کر سات جوتے اس ہندسہ پر مارے اسی طرح کرنے سے شفاء ہو جائے گی انشاءاللہ تعالیٰ یہ عمل مجرب ہے

یرقان کا جھاڑ: یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے شام کو غروب آفتاب کے وقت کرنا ہے۔ یرقان کے مریض کو وقت مقررہ پر بلا کر چونے کے پانی میں اس کے دونوں ہاتھ ڈالیں اور یہ آیت پڑھتے جائیں تین مرتبہ کے بعد یرقان ختم ہو جائے گا۔ روزانہ پانی پیلا ہوتا جائے گا یہ آزمودہ عمل ہے۔

نوٹ:۔ (سورۃ بنی اسرائیل کی پہلی آیت ہے جو کہ پندرھویں پارے کی پہلی آیت یہ ہے یرقان کی جھاڑ میں یہی آیت پڑھی جائے گی۔

www.fibw.net

www.fibw.net

برائے جسمانی درد

سر درد کا بہترین: اس نقش کو لکھ کر درد کی جگہ باندھیں درد کو آرام رہے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

حضرت عمرؓ	محمد			حضرت ابوبکرؓ
محمد	٦	١	٨	محمد
	٧	٥	٣	
	٢	٩	٤	
حضرت علیؓ	محمد			حضرت عثمانؓ

برائے سر درد: سورۃ الناس سات بار پڑھ کر دم کرے اور مریض سے دریافت کرے اگر درد باقی ہو تو پھر سات بار سورۃ الناس پڑھ کر دریافت کرے اگر پھر بھی سر درد نہ جائے تو پھر سورۃ الناس سات بار پڑھ کر دم کرے۔ مجرب ہے آدھے اور پورے سر کے درد کے لیے۔

نصف درد سر: سورۃ اخلاص تین بار یا سات بار یا گیارہ بار پڑھ کر دم کریں مجرب ہے۔ اس کے علاوہ سورۃ اخلاص ہر بار پڑھ کر دم کرے۔ یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ط۔ مجرب المجرب ہے۔

آدھے سر کا مجرب نقش: آدھے سر کے درد اور دیگر تمام دردوں کے لیے درد کی جگہ پر یہ تعویذ باندھا جائے۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

www.fibw.net

www.fibw.net

۳۹۲	۳۹۹	۲	۷
۶	۳	۳۹۶	۳۹۵
۳۹۸	۳۹۳	۸	۱
۴	۵	۳۹۴	۳۹۷

دردِ کان کا مجرب عمل: مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر کان میں دم کریں۔ كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِیْۤ اُذُنَیْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ط۔

دردِ دانت: ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر درد کرنے والے دانت پر رکھیں بفضلِ خدا دانت کے درد سے آرام ہوگا۔ مجرب المجرب عمل ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ط۔

ہر قسم کے درد کیلئے: تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؐ اور سات مرتبہ اعوذ بعزۃ اللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر پڑھ کر درد کی جگہ دم کرئیے۔ درد کی جگہ کو مضبوطی سے پکڑیں۔ انشاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں درد خواہ کسی جگہ میں کیوں نہ ہو آرام پا جائے گا۔ آزمودہ اور مجرب المجرب ہے۔

برائے لاعلاج مرض

لاعلاج بیماری سے شفاء پانے کا مجرب عمل: سورۃ قل یایہا الکفرون مع بسم اللہ ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل کی بوتل پر دم کر کے محفوظ رکھے جب کوئی مریض کسی قسم کے درد یا دیگر تکالیف کا عامل کے پاس آئے ذرہ سا تیل اس میں سے دے دیا جائے اور کہہ دیا جائے کہ ایک ایک قطرہ سوتے وقت مریض کے کان میں ڈالیں اور درد کی

www.fibw.net

www.fibw.net

جگہ مالش کریں ۔ میں نے اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا اللہ کے فضل سے صحیح پایا ۔

لاعلاج بیماری کیلئے :

ایک سو گیارہ مرتبہ یا ذوالجلالِ وَالاکرام پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر روز پلایا جائے اکیس یوم یا اکتالیس یوم اللہ کے فضل سے آرام پائے گا مجرب ہے ۔

ہر لاعلاج مرض کے لیے :

چار عدد نقش لکھ کر دے دیں سات نلکوں یا سات نلکوں یا سات کنوؤں یا سات چشموں کا پانی ایک بوتل میں بھر کر ایک تعویذ اس میں ڈالیں مریض وہ پانی سات روز پیئے دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر، شام سات دن بعد دوسرا تعویذ ڈال کر پلائیں ۔ اسی کے بعد پھر تیسرا تعویذ اسی طرح پابندی کے ساتھ اکیس دن یہ تعویذ پلادیں اور چوتھا تعویذ موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں مجرب ہے ۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بفضلہ تعالیٰ از ہر بلا و بیماری محفوظ شُد

روحانی و جسمانی بیماریوں کا علاج

بارش کے پانی پر یا چشمے کے پانی پر سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی سورہ اخلاص و معوذتین ہر ایک کو ستر ستر بار پڑھ کر دم کر دیئے ۔ مرض رگوں، پٹھوں گوشت پوست سے نکل جائے گا اور عیاش بدمعاش اس پانی کے پینے سے توبہ تائب ہو کر نماز کا پابند ہو جائے گا ۔ جادو دفع ہو گا ۔ نہایت مجرب ہے ۔

www.fibw.net

www.fibw.net

برائے اولاد زچہ بچہ

اولاد کیلئے مجرب عمل: اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرے ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد نو دن تک نماز مغرب کے بعد پڑھے ۔ ایک سیب اپنے سامنے رکھ لے اور نو سو بار یہ عمل پڑھا جائے اور پڑھ کر سیب پر دم کیا جائے ۔ حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ ط۔ پھر سیب کے دو ٹکڑے کر کے مرد اور عورت کھالے اسی طرح نو دن تک نو سیب کھلائے جائیں اور دل میں یہ خیال ہو کہ اگر اولاد نہ ہوتی ہو تو خدا اولاد دے اگر زندہ نہ رہتی تو خدا تعالیٰ اولاد کو زندہ رکھے۔

برائے سلامتی اولاد: جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو ایک سو ساٹھ بار بسم اللہ شریف لکھ کر اس کو دی جائے کہ اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کی اولاد زندہ رہے گی مجرب عمل ہے

آسانی پیدائش: تھوڑا سا گڑ لے کر اکیس مرتبہ دم کرے۔ پھر عورت کو وہ گڑ کھلائے۔ مجرب ہے آیت شریفہ یہ ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ط وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ط وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ

دردزہ کا تعویذ: یہ تعویذ ناف پر باندھیں دس منٹ کے اندر بچہ بحکم خدا پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

www.fibw.net

www.fibw.net

کمی دودھ: جس عورت کا دودھ کم ہوا ور بچہ کا پیٹ نہ بھرتا ہو یہ آیتیں لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے بڑا مجرب ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ط عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ط۔

بچے کے رونے کا مجرّب تعویذ: یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں میرا ذاتی تجربہ ہے انشاء اللہ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ
بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

بچوں کی مرض مسان

۷۸۶

۳۱۵۷	۳۱۵۰	۳۱۵۵
۳۱۵۲	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۱

یہ تعویذ بہترین اور مجرب ہے معطر کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء آرام ہو گا۔

متفرق عملیات

شناخت چور کا مجرّب عمل: یہ تصور کر کے کہ چور واپس آ کر مجھ سے معافی مانگ رہا ہے ہر نماز کے بعد روزانہ پانچ مرتبہ وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَاءُ وَیُعَذِّبُ

www.fibw.net

www.fibw.net

مَنْ يَّشَاءُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ط ۔ پڑھو انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر یا تو چور تمہارے پاس آجائے گا یا خواب میں یا الہامی طور پر چور کا نام ونشان اور مکمل پتہ چل جائے گا۔

ڈراونے خواب و پریشانی کے لیئے اس نقش پاک کو پاک کاغذ پر لکھ کر دائیں بازو پر موم جامہ کر کے باندھیں بہت مجرب ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خواب میں ڈرنا رات کو سوتے وقت باوضو لیٹ کر تین بار اعوذ باللہ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر تین دفعہ آیت الکرسی پڑھے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط۔ کے الفاظ کی تین مرتبہ تکرار کرے اور سو جائے انشاء اللہ آئندہ خواب میں سوتا ہوا نہ ڈرے گا۔ مجرب ہے

تقویت نگاہ کیلئے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یا سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے سرے پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر دیا جائے اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں مجرب ہے یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مرتے دم تک نظر کمزور نہ ہوگی۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ط ۔

حاکم کو مہربان کرنا: بوقت پیشی حاکم یا عدالت تعویذ کو اپنے پاس رکھے بازو پر باندھے یا مو پٹڑ میں باندھے یا پگڑی میں رکھے

www.fibw.net

www.fibw.net

مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۶۷	۳۸۱	۳۷۸	۳۷۵
۳۷۹	۳۷۴	۳۶۸	۳۸۰
۳۷۳	۳۷۶	۳۸۳	۳۶۹
۳۸۲	۳۷۰	۳۷۲	۳۷۷

مچھروں سے حفاظت

چار کاغذوں پیا الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں۔ انشاء اللہ سب مچھر بھاگ جائیں گے مجرب ہے ۱۲-۱۲-۱۱

حسب مرضی بیدار ہونے کا عمل:

سوتے وقت سورہ کہف کی آخری چار آیتیں پڑھ کر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے یا اللہ اپنی کرم نوازی سے مجھے اتنے بجکر اتنے منٹ پر بیدار کردے۔

استخارہ کا مجرب عمل

عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کرکے بستر پر بیٹھ کر یا لیٹ کر درود شریف پڑھے پھر دس بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل شریف پڑھ کر سینے پر دم کریں اور روبہ قبلہ دائیں پہلو سو جائیں اور یہ نیت کریں کہ اللہ تعالے اپنے کلام پاک کی برکت سے مجھ کو خبر دے کہ یہ کام کروں یا نہ کروں۔

برائے حفاظت

جو شخص صبح وشام چاروں قل یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ اخلاص سورۃ

www.fibw.net

www.fibw.net

الفلق۔ سورۃ الناس کو پڑھ کر اپنے اوپر یا اپنی اولاد پر اور اپنی جائیداد مال و متاع اور مال و مویشی پر دم کر دیا کرے گا۔ کوئی جادو جن، پری آسیب وغیرہ اس پر اثر نہیں کرے گا۔ خواہ کتنا ہی دعویٰ و فخر کے ساتھ جادو ٹونے میں ماہر ہونے کا دعویٰ کیوں نہ کرے۔ ان چاروں سورتوں کے عامل پر کوئی اثر نہیں ہو سکتا یہ چاروں سورتیں دفع سحر، نظر بد، جادو ٹونے اور جمیع آفات ارضی و سماوی سے بچانے کے لیئے اکسیر اور بااثر ہے۔ ان چاروں سورتوں سے پہلے سورۃ الفاتحہ اور آیت الکرسی پڑھنا بہتر ہے۔

برائے مقصد میں کامیابی

سورہ جاثیہ کی آیت سات سے دس تک چار آیتیں یعنی وَیْلٌ عَظِیْمٌ تک خلوص نیت کے ساتھ پڑھ کر اپنی دائیں ہتھیلی پر تین مرتبہ دم کر کے پھر مٹھی بند کر دے جس شخص سے حاجت ہو اس کے سامنے جا کر مٹھی کھولے انشاء اللہ وہ آدمی اس پر بہت زیادہ مہربان ہو گا۔ بارہا کا آزمودہ و مجرب عمل ہے۔

ہر قسم کے بخار کے لیئے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ بخار غائب ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا اللّٰہُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الشَّافِیْ اَنْتَ الْکَافِیْ۔

درندہ جانور کے حملے سے حفاظت کے لیئے

اگر شیر یا کتا یا کوئی اور حملہ آور جانور راستے میں حملہ کرے

www.fibw.net

www.fibw.net

تو فوراً وَکَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ پڑھنا شروع کر دے انشاء اللہ حملہ آور جانور حملہ کرنے سے باز آجائے گا ہزاروں مرتبہ کا تجربہ ہے۔

آسیب زدہ کا رقعہ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بعد حمد و نعت کے فقیر کی طرف سے اگر مسلمان ہو تو السلام علیکم کہے اور نہیں تو یوں معلوم کرے کہ جناب سید احمد صاحب کو امام زمان اکابر حق اور اس فقیر کو اس کے مالعداروں میں سے سچ جانتے ہو تو اس رقعہ کو دیکھتے ہی رخصت ہو جاؤ زیادہ

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی - یَا اَیُّھَا الْجَانُّ علیکم عَھْدُ

دَاؤدَ سُلَیْمَانَ

اگر آسیب زدہ کو یہ رقعہ دکھایا جائے تو جن فوراً چلا جائے گا۔

برائے ترقی رزق

بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار فان تولو فقل حسبی اللّٰہ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط۔ پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف یہ عمل بلاناغہ گیارہ روز تک جاری رکھیں۔ مجرب عمل ہے

www.fibw.net

www.fibw.net

مُندرا

فقیر کے سینہ کے راز کو طشت ازبام کر رہا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ ہر چیز دنیا کی کسی کتاب میں آپ کو نہیں ملے گی۔ چلّہ کبیر کا طریقہ یہ ہے اوّل اپنے گرد حصار کھینچ کر اکتالیس یوم تک روزانہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ مسلمانوں کی قبروں میں بیٹھ کر چلّہ پورا کرے۔ اس کے بعد اکتالیس یوم خاکروبوں کی قبروں میں بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھ کر دوسرا چلّہ پورا کرے، اور اسطرح تیسرا چلّہ ہندوؤں کی مسان کی جگہ میں بیٹھ کر پورا کرے، اس کا عامل ہو جائے گا۔ اس کے بعد ہر قسم کے جنّات، آسیب اور نظر بد، جادو، وغیرہ کے مریض پر ایک دفعہ پڑھ کر دم کریں، فوراً آرام ہو گا۔ بلکہ کل امراض خبیثہ پر یہ مُندرا کام دیتا ہے اگر اس کا تعویذ بنا کر دینا ہو تو سات رنگ کا دھاگہ لے کر اس پر گیارہ دفعہ پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں اور مریض کے گلے میں ڈالدیں، عمل پڑھتے وقت کچھ ڈر اور خوف معلوم ہو تو دل کو مضبوط رکھیں جو کچھ ہو گا حصار کے باہر ہو گا۔ اگر کوئی اسطرح عمل نہ کر سکے تو چلّہ صغیر یہ ہے کہ دیوالی کی رات یا چاند گرہن کے موقعہ پر پڑھ لیا کریں۔ عمل قابو میں رہے گا۔ مجھے یہ عمل ایک مسلمان فقیر سے ملا ہے وہ تو ہر مرض کا علاج اسی سے کرتا تھا۔ بس ایک دفعہ پڑھ کر دم کر دیا۔ مرض کا نام و نشان تک باقی نہیں رہتا زبردست جھاڑ کا عمل ہے جو تمام دم کرنیوالے عملوں کا سرتاج ہے۔ میں نے اپنے مجربات اور سینہ کے رازوں کو فراخدلی سے ظاہر کر دیا ہے تاکہ آپ خود فائدہ اٹھائیں اور خلقِ خدا کی خدمت کریں اور مجھ ہیچ مدان کے لیے دعائے خیر کریں۔

یہ عمل دراصل بندش کا ہے اس سے سانپ کا زہر، بخار چڑھنا بندھ جاتا ہے۔ کالے علم کا اثر بھی بندھ جاتا ہے، تمام ہتھیار بندھ جاتے ہیں اور جسم سے خون کا ایک قطرہ تک نہیں نکال سکتے۔ اس سے ۶ راگ اور ۳۶ راگنی بھی بندھ جاتی ہیں۔ یعنی کوئی شخص نہ گا سکتا ہے نہ ساز بجا سکتا ہے، جنات کو قید بھی اس سے کیا جاتا ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

مُندرا

مُردان شاہ علی ضرب زور سے لگا　　گئے بات پر سوار ہوتے آپ شہنشاہ

اَشہَدُ لااِلہٰ کو پڑھاں پیر مُرتضیٰ　　سُبحٰن اللہ کی اکاں آپ لئی رگا

اَلتّحِیّاتُ لِلّٰہ کی ڈھال ہُمرتی سی عطا　　اَلم تَرَکیفَ فَعَلَ رَبُّکَ شمشیر لئی رگا

لِاِیلافِ قُریش کٹار سان لگا　　قُل ھُوَاللہ ہوا اَحَدٗ کا نیزہ دست میں پھڑا

قُل اعوذُ برب النّاس کی کمان ہے صفا　　یا اَیُّہا المُزّمِّلُ ترکش بیں تیر پار

وَتِین وَاِن یَکَادُ کمر زاپ کی اِلا　　مومنین کمر باندھ کر طیار ہو کھڑا

اَن لااِلہٰ کو پڑھ کر جبرائیل کو بلا　　مَا اَدرٰی اِلاَّ اَنتَ میکائیل جی بھی تھا

ثُمَّ اِنَّکَ اسرافیل جلدی سے پھر آیا　　اِنِّی کُنتُ عزرائیل یا علی دی دُھا

مِنَ الظّالِمِینَ یا کلکا یا بُدّوح مددوا　　محمدؐ جی اسم اعظم پڑھ کر پُشت میں ہوا تھا

خواجہ ادریس قرنی سب نبی کے یار تھا　　خواج خضر آتے ہیں جو بحروں کے ملاح

چڑھے محی الدین جو غوثوں کے بادشاہ　　فرید شکر گنج خواجہ قطب کو بلا

آدم تھے نبی نوح ذکر شیث کا بھی تھا　　یعقوب اتے ادریس حضرت یوسف بھی نال تھا

موسیٰ توریت شتر میں عاصا کو پکڑا　　عیسیٰ انجیل نال لائے حضرت یونس کو نال لا

سلیمان بھی زبور لے داؤد آ گیا　　ترت چڑھے حضرت ابراہیم اسماعیل نال تھا

چڑھے ہیں سب مُرسل محمد کا حکم تھا　　دُلدُل پر سوار ہوئے آپ شاہ لا فتا

کفر کے کی ست ہے رستم بھی کام تھا　　محمودی کو قید کیا جو جنوں کا بادشاہ

برادن مُشَندر شاہ شرف کو باندھ لا　　جسرتھ گورد گورکھ ناتھ تو علی کا فرا

کَفاک چھل کاٹ پکڑ رام کو بلا　　ستیا کو لاؤ پکڑ رام کے سوا

وہ نسر کو کیا قید جو لنکا بھی رہتا تھا　　بارہ امام نال لے حضرت الیاس چڑھے دُعا

جوگی اسماعیل رام چندر کو قید کر دیا　　دُمَنت بھیم سین جنبر ماہو کو پکڑا

www.fibw.net

www.fibw.net

ٹونا چاری کا لکاں پکڑ دھرت میں دبا ‏‏ جو اللہ کو نہ ملنے اس کو مار دو دھا
نانک نے مردانہ پکڑ دیریاں کو لا ، ‏‏ نارد کو سبھی جوگناں کل کوز بجنپر پا
بھیرون سب کو قید کر دیا ‏‏ چھ راگ چھتی راگنی حضور میں بلا ء
جنتر کی تار بن سبھی نار چھتیس ہٹا ‏‏ جادو مسان کھیل سب کھوپڑیاں کو لا
کالے علم کو بن شہ مینڈا کو پکڑ لا ‏‏ اُلو بن باندھ گنڈا تعویذ پار ا
منتر سبھ کو بن سبھی تنتر کو بیچ پار ‏‏ جادو بل کو بھی مڑیاں کی خاک پار ،
بید احمد کبیر سب ڈیناں کو باندھ لا ‏‏ کھیل سبھی بن مدار کے مدار کا
جنید پیر تاپ سبھی قید کر دیا ‏‏ باگھنک کی وس بن بھی گگے کھانڈ ولا
سپتوں سبھی داتاں کو اُناں قید کیا ‏‏ سپوں کی زہر کھیل بچھو کی طرف جا ء
بھمن اسکی پکڑ بن ڈنگ سبھی چیز کا ‏‏ حضرت سلیمان بیٹھا تخت پر سبھی پریوں کی طرف جا
دیو جن بھوت پری سب چڑیلوں کو باندھ لا ‏‏ سائے میں سب کو باندھ جو گئے باہر میں رہا
نظر اور بیمار ایک پلک میں ہٹا ! ‏‏ بیماری سب دفع کر ورد پڑھ بسم اللہ
مدد میری پیر دستگیر بادشاہ ‏‏ بندوق اور توپ سبھی باندھ دے کلا
نیزہ اور تلوار گرز سب باندھوں کو باندھ لا ‏‏ ہتھیار جو زمیں رہا !

رمتا کو کہو ۔ الحمد للہ رب العالمین ۔ آمین ۔ آمین

ئ

www.fibw.net

www.fibw.net


اسناد


نعلین حضرت رسالت پناہ احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شخص اس نقش نعلین کو اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ اس کے میرے نزدیک درمیان کوئی حجاب نہ ہووے اور جہاں جاوے فتح پاوے بازو یا گلے میں باندھے اگر لڑائی میں جاوے سلامتی سے واپس آوے اور ہر روز سچے دل سے اس نقش نعلین پر نظر کرے گویا ہزار غلام آزاد کرے اور ہزار دینار خدا کے راستہ میں خیرات کرے اور ہزار ننگوں کو جامہ پہناوے اور ہزار حج گزار ہووے جو شخص شک لاوے بڑا گنہگار ہووے۔

www.fibw.net

www.fibw.net


نقشِ معظم و مکرم یہ ہے





www.fibw.net

www.fibw.net



www.fibw.net

www.fibw.net

اسناد: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس نقش کو اپنی عمر میں ایک بار دیکھے اس کے پچاس ہزار سال کے گناہ اللہ تعالیٰ بخشدیوے اور اگر دوبارہ دیکھے اس کے ماں باپ کے گناہ اللہ تعالیٰ بخشدیوے اور چار مرتبہ دیکھے تمام اس کے دشمن ہلاک ہو جائیں اور اس نقش کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے مہتر جبرائیل علیہ السلام سے پایا مہتر جبرائیل علیہ السلام رب العالمین کی درگاہ سے لائے۔

نقش یہ ہے

	بسم اللہ الرحمن الرحیم		
ا ر د	د ی ا	ا و	ا د ا د
لاموال اع ا اع اع	ا د ا ع اع م ع	اک اع ا ع اع	ان ا ن ای ای ای ای

اسناد: نقش بزرگوار حضرت رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جو شخص اس نقش کو فجر کی نماز کے وقت دیکھے گویا حضرت آدم علیہ السلام کے ہمراہ پچاس ہزار حج پڑھا جائے جو شخص بعد نماز ظہر کے دیکھے گویا ہمراہ حضرت ابراہیم پیغمبر علیہ السلام کے ساٹھ ہزار حج کیا ہووے اگر جو شخص بعد نماز عصر کے دیکھے گویا یونس علیہ السلام کے ہمراہ ستر ہزار حج کیا ہووے اگر کوئی بعد نماز مغرب کے نظر کرے، گویا کہ موسیٰ پیغمبر علیہ السلام کے ہمراہ اسی ہزار حج پڑھا ہووے اور اگر کوئی بعد نماز عشاء نظر کرے گویا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ایک لاکھ حج کیا ہووے اور ہزار ثواب قرآن اس

www.fibw.net

www.fibw.net

کے نامہ اعمال میں لکھے جاویں اور دوسرے ثواب بہت ہیں واللہ اعلم بالصواب
نقش معظم یہ ہے۔

۵۱۲۳	۱ع۲۲	۲ع۱	ددع۱	یامحمد
۵۸۷۶ ۵۸۵۴	۵۱۲۲ ۶۷۸	۴۱۷ ۶۷۸۳	۴۴۱۵ ہو۷	یامحمد
۵۱۲ ۳۷۷	۵۶۱۶ ۶۷۸	۸ ۱۴۷	۵۴۷	یامحمد
۵۱۱۴۷ ۶۸۷	۵۱۳ ۶۷۸۱	۵۱۴۷ ۶۶۷	دع۱	یامحمد

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط مَا قَطَعتُم مِن لِّینَۃٍ اَو تَرَکتُمُوھَا قَآئِمَۃً عَلٰی اُصُولِھَا فَبِاِذنِ اللہِ وَلِیُخزِیَ الفٰسِقِینَ ط۔

جو کوئی اس نقش کو اپنی عمر میں ایک مرتبہ لکھے یا اپنے پاس رکھے۔ خدا تعالیٰ قیامت تک عذاب سے بچاوے اور چار چیز حاصل ہووے اوّل ایمان سلامت رہے دوسرے اسکی عمر زیادہ ہووے تیسرا اس کا رزق کشادہ ہوئے چوتھا مرگ مفاجات سے امن میں رہے اور چار چیز دوسری پاوے اوّل خداتعالےٰ کا دیدار حاصل ہووے دوم دوزخ کی آگ سے بچے سوم بے حساب جنت میں جاوے چہارم تمام مخلوق اس کو چاہنے والی ہووے نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط

۴۳ ۱۸۲۹	۶۳ ۱	سوس۶	۹	یا	اللہ	یااللہ و
اصید ۴	ملا	داع اھ	۳۳۱	یامومن	یاغفار	یارحیم
ھھا	اع مدا	عددا س	۳۲۱ اھع	مان مسوما	یاودود	یامنان
ورا	۵۵۱۱	مرکرم	سراع	یادیان	یاسلطان	یاسبحان
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یامحمد	یامحمد	یامحمد	یامحمد	یامحمد	یامحمد	یامحمد

www.fibw.net

www.fibw.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فاتحہ ۵ الی حضرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۵
والی ارواح الہ واولادہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ
واہل بیتہ خصوصا الی ارواح حضرۃ ابا بکر ن الصدیق
وحضرت عمر وحضرت عثمان وحضرت علی رضی اللہ
عنہم اجمعین والی ارواح حضرت امام حسن وحضرت
امام حسین والی ارواح حضرت خدیجۃ الکبری و
عائشہ صدیقہ و فاطمۃ الزہرا جمیع اہل بیت
رسول اللہ وجمیع شہیدان دشت کربلا و الی
ارواح حضرت غوث الثقلین سید عبد القادر
جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز والی ارواح حضرت
امام اعظم و امام شافعی و امام مالک و امام احمد
حنبلی والی ارواح جمیع انبیاء وجمیع اولیاء وجمیع
شہداء وجمیع صالحین ولجمیع المومنین و المومنات
والمسلمین والمسلمات وکل کافۃ اہل اسلام
فاتحہ سبحان ربک رب العزت عما یصفون
وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العلمین امین

تمت امین ط

www.fibw.net

www.fibw.net

جو شخص یہ نقش معظم کو اپنی تمام عمر میں تین مرتبہ دیکھے یا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس آدمی کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف کرے ہر ایک مسلمان عورت اور مرد کو واجب ہے کہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تاکہ دنیا سے ایمان کے ساتھ جاوے۔

نقش معظم ومکرم یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ يَا هَادِيْ اِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ يَا بَدِيْعُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عَالِمُ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ يَا فَتَّاحُ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ يَا رَقِيْبُ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا يَا مُحِيْطُ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ يَا قَاضِيْ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ يَا صَمَدُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ يَا حَسِيْبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

لَا اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰه	مُحَمَّدٌ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ
لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	۵۱۲	۳۳۳	۳
۳	۱۴۱۵	۷۸	۲	۱۱۹


جو شخص اس نقش کو دیکھے رات دن خوشی سے رہے اُس کے اگلے پچھلے گناہ بخشے جائیں۔ نقش معظم ومکرم یہ ہے۔

نقش مکرم اگلے صفحہ پر ہے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم




اُستاد: جو شخص کہ اس نقش کو ہر روز دیکھے اُس کے اگلے اور پچھلے گناہ بخشے جائیں اور وہ رات دن مبارک ہوئے اگر مخلوق کے نزدیک جاوے

www.fibw.net

www.fibw.net

اس کو نیک سمجھیں کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے نزدیک رکھے پانچ چیز سے ڈرے اور پریشان خواب نہ دیکھے دینی اور دنیوی مرادیں اس کی بر آویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط



اسناد: جو شخص اس نقش معظم کو تمام عمر میں ایک مرتبہ دیکھے اس کے ستر برس کے گناہ خدا تعالیٰ معاف کرے جو شخص اس نقش کو ایک بار دیکھے اس کے ماں باپ اور خویشوں کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف کر دے اس نقش معظم کو باوضو ادب کے ساتھ شروع ماہ میں دیکھے گویا کہ دیدار حضرت سبحانہ تعالیٰ دیکھا اور بخشا جاوے

نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

بحق کٓھٰیٰعٓصٓ بحق حٰمٓ عٓسٓقٓ


یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بحق صٓ ۲

یہ نقش مہر نبوت کو جو شخص کہ ہر روز دیکھے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس بندہ کی صورت چودھویں رات کے چاند کے مانند روشن اور منور کرے جو شخص کہ اپنے نزدیک رکھے اس کے گھر والوں پر کوئی آفت اور زحمت نہ پہنچے۔

www.fibw.net

www.fibw.net

نقش معظم و مکرم یہ ہے۔



جو شخص کہ اس نقش کو ہر روز یا ہر ہفتہ دیکھے یا مہینے یا سال میں دیکھے خدا تعالےٰ تمام گناہ اگلے اور پچھلے اس کے معاف کرے جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے گھر میں رکھے روزی اس کی کشادہ ہووے ہرگز تنگدستی نہ دیکھے۔

نقش معظم و مکرم ملاحظہ کیجیے

یَا اَللّٰہُ	نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہ	وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ
وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی	اَمْرِہٖ وَلٰکِن	اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ
یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	یَا سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ	یَا غَفُوْرُ

دیگر:

جو شخص اس نقش کو اپنی عمر میں ایک بار دیکھے تمام گناہ اگلے اور پچھلے اس کے بخشے جاویں


نقش معظم و مکرم صفحہ اگلے پر۔

www.fibw.net

www.fibw.net

یا اللہ	یا حموق	یا رحیم	یا اللہ یا حافظ
یا حفیظ	یا رقیب	یا وکیل	یا اللہ
یا اللہ	یا حی	یا قیوم	یا غفور

جو شخص اس مہر نبوت کو ہر روز دیکھے قیامت کے روز خدا تعالیٰ اس بندہ کے سر پر اپنی رحمت نثار کرے جو شخص اس کو دیکھے کہے کہ یا الٰہی اس بندہ نے کون سا نیک عمل کیا ہے جو یہ تمام مرتبہ پایا؟ حکم ہوگا اس سبب سے یہ مراتب پایا کہ دنیا میں ہر روز مہر نبوت کو دیکھتا تھا۔ جو شخص اس کو لکھ کر اپنے نزدیک رکھے کوئی آفت اور زحمت اس کے مکان والوں کو نہ پہنچے نقش معظم یہ ہے۔



جو شخص کہ یہ نقش مہر نبوت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھے دوزخ کی آگ اس پر حرام ہووے۔

نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

لا اله	الا الله	محمد	رسول	الله	الله
۴۲۳	۷۸	۱۷	۱۸	۳	۲۳
۵۱	۵۲	۱۲۵۱	۱۵۷	۵۵۵۱	۱۲۵۱۱
۵۴	۵۸	۵۲۰۷	۶۱۲۵	۶۱۲۲۵	۱۱۲۵


www.fibw.net

